
# ایئر ریسورز کے لیے آپریشنل رہنمائی




پیشہ وارانہ حفاظت و ہیلتھ برانچ
لیبر ڈیپارٹمنٹ

بوائلر و پریشر ویسل اتھارٹی

ایئر ریسور ایسا کوئی بھی سلنڈر ہے جس میں کمپریسڈ ایئر محفوظ کی جائے۔

## رجسٹریشن اور معائنہ

ایئر ریسور کا مالک اس تاریخ سے 30 روز پہلے جب وہ ایئر ریسور کو کام میں لانے کا ارادہ رکھتا ہے اس کی رجسٹریشن کے لیے بوائلر اینڈ پریشر ویسل اتھارٹی (Boiler and Pressure Vessel Authority) (اتھارٹی) میں درخواست دے گا۔ درخواست دینے کے لیے مطلوبہ دستاویزات میں درخواست فارم، ویسل بنانے والی کمپنی کے سرٹیفکیٹ اور ایئر کمپریسر کے حوالے سے تعمیر کے دوران جاری کیا جانے والے سرکاری سطح پر مصدقہ معائنہ کار ادارے کے سرٹیفکیٹ کی ایک ایک نقل شامل ہیں۔ مذکورہ بالا سرٹیفکیٹ کی نقول کی مقررہ جانچ کار تصدیق کرے گا۔

مقررہ جانچ کاروں کی فہرست لیبر ڈیپارٹمنٹ کے بوائلر اینڈ پریشر ویسل ڈویژن (ڈویژن) کے فون 3458 3107 یا لیبر ڈیپارٹمنٹ کی چوبیس گھنٹے کی ہاٹ لائن 2717 1771 پر کال کر کے مفت حاصل کی جا سکتی ہے۔

## رجسٹریشن نمبر

ایئر ریسور کی رجسٹریشن کے بعد لیبر ڈیپارٹمنٹ ایئر ریسور کے مالک کو رجسٹریشن نمبر اور زیادہ سے زیادہ ورکنگ پریشر جاری کرے گا۔ رجسٹریشن نمبر کو ایئر کمپریسر کی نمایاں ترین جگہ پر لگانا ہو گا جہاں سے وہ ہر وقت صاف دکھائی دے اور پڑھا جا سکے۔

## فٹنس سرٹیفکیٹ

ایک مقررہ معائندہ کار سے ہر ایئر ریسور اور اس کی فٹنگز کا معائنہ کرانا لازمی ہے۔ سیفٹی والو کے پوری طرح سیل ہونے اور فٹنس سرٹیفکیٹ جاری کیے جانے پر ہی ایئر کمپریسر کو استعمال کیا جا سکتا ہے۔ فٹنس سرٹیفکیٹ کی دو نقول جاری کی جائیں گی۔ ایک نقل مالک اس عمارت میں رکھے گا جہاں ایئر کمپریسر نصب کیا گیا ہے جبکہ ایک نقل ڈویژن میں جمع کرائی جائے گی۔

## جرم اور جرمانے

ایئر ریسور اسی وقت استعمال کیا جاتا ہے جب اس میں کمپریسڈ ایئر محفوظ کی گئی ہو۔ درست فٹنس سرٹیفکیٹ کے بغیر ایئر ریسور استعمال کرنا جرم ہے۔ اس کے ارتکاب کی صورت میں اتھارٹی کمپریسر کا استعمال جاری رکھنے پر پابندی لگا کر مالک کے خلاف قانونی کارروائی کر سکتی ہے۔

## ایئر ریسور استعمال کرنے کے لیے یاد رکھنے کی باتیں

### 1. تنصیب کا مقام

ایئر ریسور کو صاف اور ہوادار مقام پر نصب کیا جائے اور اس کے نچلے حصے کو ایک بنیاد کی مدد سے زمین سے بلند رکھا جائے، کیونکہ رکا ہوا پانی اور نمی اس کے ارد گرد زنگ کا سبب بن سکتی ہے۔

### 2. استعمال کے بغیر

جب کبھی ایئر کمپریسر کو لمبے عرصے کے لیے استعمال نہ کرنا ہو تو اسے مکمل طور پر خالی کر کے صاف کیا جائے اور خشک مقام پر محفوظ کیا جائے۔

### 3. باقاعدگی سے معائنہ

ایئر کمپریسر کی باقاعدگی سے دیکھ بھال کی جائے گی اور فٹنس سرٹیفیکیٹ دوبارہ حاصل کرنے کے لیے مقررہ معائنہ کار سے ہر 26 ماہ بعد اس کا معائندہ کرایا جائے گا۔

### 4. پتے کی تبدیلی

ایئر ریسور کا مالک اپنے پتے میں تبدیلی کی صورت میں ڈویژن کو 7 روز کے اندر اس سے آگاہ کرے گا۔

### 5. فروخت و کرایہ داری

اگر رجسٹرڈ ایئر ریسور کے مالک نے اسے کسی دوسرے شخص کو فروخت کیا ہے یا کرایہ پر دیا ہے تو مالک 7 روز کے اندر اس شخص کا نام اور پتہ ڈویژن کو پہنچائے گا جسے ایئر ریسور فروخت یا کرایے پر دیا گیا۔ اگر ایئر ریسور کو مستقل تنصیب کے لیے ڈیزائن کیا گیا ہے تو مالک ڈویژن کو یہ بھی بتائے گا کہ آیا فروخت یا کرایے پر دینے کی صورت میں ایئر ریسور کو اپنی جگہ سے ہٹایا گیا یا نہیں۔ اگر ایئر ریسور کو کسی نئے مقام پر نصب کیا گیا ہے یا اس کی بڑے پیمانے پر مرمت کی گئی ہے تو مقررہ معائنہ کار اس کا دوبارہ معائنہ کرکے فیصلہ کرے گا کہ ایئر ریسور قابلِ استعمال ہے یا نہیں۔

مقررہ معائنہ کار کے علاوہ کوئی بھی فرد سیفٹی والو پر لگی سیسے کے سیل کو نہیں ہٹائے گا یا ورکنگ پریشر بڑھانے کے لیے والو کو ایڈجسٹ کرنے کی کوشش کرے گا۔ مذکورہ بالا سیل کو تبدیل کرنا صنعتی سیفٹی کی سنگین خلاف ورزی ہے۔ اس سے ایئر ریسور میں ہوا کا دباؤ حد سے زیادہ بڑھ سکتا ہے جس کا نتیجہ دھماکے کی صورت میں نکل سکتا ہے اور انسانی جانوں کو نقصان پہنچ سکتا ہے۔

## ہر ایئر ریسور:

1. اس طرح تعمیر کیا جائے کہ کمپریسر کے زیادہ ترین دباؤ کو محفوظ طریقے سے برداشت کر سکتا ہو یا دباؤ کم کرنے والے والو یا دیگر آلات کے ساتھ فِٹ ہو تا کہ ایئر ریسور کا زیادہ ترین ورکنگ پریشر حد سے زیادہ نہ بڑھ سکے؛
2. مناسب سپرنگ لوڈڈ سیفٹی والو کے ساتھ براہ راست فٹ ہو۔ جہاں سیفٹی والو براہ راست ایئر ریسور کے ساتھ فِٹ نہ ہو وہاں ایئر ریسور کے ساتھ موزوں فیوزیبل پلگ بھی لگایا جائے؛
3. صحیح پریشر گیج کے ساتھ فِٹ کیا جائے جو ایئر ریسور میں ہوا کا دباؤ کلو پاسکل (KPa) میں ظاہر کرے؛
4. ایئر ریسور کو ڈرین کرنے کے لیے اسے موزوں آلے کے ساتھ نصب کیا جائے؛
5. میں موزوں مین ہول، ہینڈ ہول یا دیگر ذریعہ فراہم کیا جائے جس کے ذریعے ایئر ریسور کا اندرونی حصہ صاف کیا جا سکے؛
6. جہاں ایک سے زیادہ ایئر ریسور استعمال کیے جا رہے ہیں وہاں دونوں پر واضح نشان لگائے جائیں؛ اور
7. ایسے نشانات لگائے جائیں کہ ایئر ریسور کا زیادہ ترین ورکنگ پریشر اور آخری معائنے کی تاریخ واضح ہو۔

## معلومات:

ایئر ریسور کے مالک کے لیے لازمی ہے کہ وہ بوائلر اینڈ پریشر ویسل آرڈیننس (Cap. 56) اور اس کے متعلقہ قوانین کی شرائط و ضوابط پوری کرے۔ آرڈیننس اور قوانین کی شرائط و ضوابط جاننے کے لیے آپ مقررہ معائنہ کار سے رابطہ کر سکتے ہیں۔ مزید معلومات کے لیے آپ لیبر ڈیپارٹمنٹ کے بوائلر اینڈ پریشر ویسل ڈویژن سے رابطہ کر سکتے ہیں۔


### بوائلر اینڈ پریشر ویسل ڈویژن

ٹیلی فون : 3107 3458

فیکس : 2517 6853

ای میل : enquiry@labour.gov.hk


## شکایات

اگر آپ غیر محفوظ کام کی جگہ یا طریقہ کار کے بارے میں شکایت کرنا چاہتے ہیں تو لیبر ڈیپارٹمنٹ کے پیشہ وارانہ حفاظت و ہیلتھ کی شکایت ہاٹ لائن 2542 2172 پر فون کریں۔

یہ آپریشن گائیڈ انگریزی سے ترجمہ کی گئی ہے۔ اگر انگریزی اور اردو ورژن میں عدم تسلسل اور ابہام پائیں تو انگریزی ورژن کو اولیت دی جائے۔ اگر آپ اس آپریشن گائیڈ کا انگریزی ورژن حاصل کرنا چاہیں تو لیبر ڈیپارٹمنٹ کے بوائلر اینڈ پریشر ویسل ڈویژن سے رابطہ کریں۔




Urdu version
5/2012-1-BPVL2u

شائع کردہ منجانب لیبر ڈیپارٹمنٹ
چھپائی منجانب گورنمنٹ لاجسٹک ڈیپارٹمنٹ